نماز جنازہ

نماز جنازہ میں چار تکبیریں(اللہ اکبر) کہی جاتیں ہیں پہلی تکبیر کے بعد ثنا پڑھا جائے اور وہ یہ ہے

«سُبْحَانَكَ اللهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، تَبَارَكَ اسْمُكَ، وَتَعَالَى جَدُّكَ، وَلَا إِلَهَ غَيْرُكَ»

"اے اللہ! تو پاک ہے، تعریف وستائش تیرے ہی لئے ہے، بابرکت تیرا نام ہے، بلند وبالا تیری بزرگی، سب سے اونچی تیری تعریف ہے اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں"۔

دوسری تکبیر کے بعد درود شریف پڑھا جائے

«اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا صَلَّيْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ، وَعَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ، إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ، اللَّهُمَّ بَارِكْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا بَارَكْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ، وَعَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ »

تیسری تکبیر کے بعد بالغ مرد یا عورت ہونے کی صورت میں یہ دعا پڑھی جائے

«اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا، وَمَيِّتِنَا، وَصَغِيرِنَا، وَكَبِيرِنَا، وَذَكَرِنَا وَأُنْثَانَا، وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا، اللَّهُمَّ مَنْ أَحْيَيْتَهُ مِنَّا فَأَحْيِهِ عَلَى الْإِيمَانِ، وَمَنْ تَوَفَّيْتَهُ مِنَّا فَتَوَفَّهُ عَلَى الْإِسْلَامِ »

"اے اللہ! ہمارے زندہ ومردہ، ہمارے چھوٹے وبڑے، ہمارے مرد اور عورت، ہمارے موجود وغیر موجود سب کی مغفرت فرما۔ اے اللہ ہم میں سے جسے تو زندہ رکھے اسے ایمان پر زندہ رکھ اور ہم میں سے جسے تو موت دے اسے اسلام پر موت دے"۔

اگر میت نابالغ لڑکے کی ہے او یہ دعا پڑھی جائے

«اللَّهُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا فَرَطًا، وَاجْعَلْهُ لَنَا أَجْرًا وَذُخْرًا، وَاجْعَلْهُ لَنَا شَافِعًا وَمُشَفَّعًا»

"اے اللہ! اس بچے کو ہمارا ہر اول بنا، اسے ہمارے لئے اجر و ثواب کا ذخیرہ بنا، اور اسے ہمارے لئے شافع بنادے اور اس کی شفاعت قبول فرما"۔

اگر میت نابالغ لڑکی کی ہو تو اجْعَلْهُ کے بجائے اجْعَلْها اور شَافِعًا وَمُشَفَّعًا کے بجائے شَافِعَةً وَمُشَفَّعَةً پڑھنا چاہیے اور اللہ اکبر کہکر سلام پھیر دینا چاہیے۔